Alfalah Asaan Account

Terms and Conditions

The following Terms and Conditions are applicable on Alfalah Asaan Account and Alfalah Asaan Digital Account, ("**Asaan Accounts**")

1. Only individuals (Resident Pakistanis) are eligible to open an Asaan Account in Pak Rupees as single or joint account.
2. Only one Asaan Account on each CNIC will be opened.
3. There is no initial deposit and minimum balance requirement in Alfalah Asaan Account.
4. Customer can open a current or savings account. No profit will be payable on Alfalah Asaan Current Account and Alfalah Asaan Digital Current Account.
5. Profit on Alfalah Asaan Savings Account and Alfalah Asaan Digital Savings Account will be calculated on monthly average balance and paid semi-annually.
   This is subject to change as per SBP rules governing savings' accounts.
6. Profit as per existing rate sheet will be paid on all variants of Alfalah Asaan Savings Account.
7. Alfalah Asaan Account transaction limit/turnover is capped at PKR 1,000,000 total debit per month and credit balance limit is also capped at PKR 3,000,000/- (including the Terms Deposit booked from any Asaan Account variant) at any point of time. The bank shall not entertain any cheque/honour any transaction in excess of specified limit. However, following exceptions may be allowed:
   a. Credit of any profit/ return/ reversal on deposit in the Asaan Account beyond total credit balance limit of PKR 3,000,000/- or as per the limits prescribed by the regulator from time to time.
   b. Bank charges, reversals, government taxes or levies and instructions issued under any law or from the court will not be subject to debit limit of PKR 1,000,000/-
   c. Transaction Limits may be removed for one-off transactions, e.g., sale/ purchase of property/ real estate, upon customer's specific request through an authenticated medium.
   d. Credit transactions beyond total credit balance limits in case of inward remittances in Asaan Account subject to proper analysis of transaction and evaluation of risk.

   In case of account balance exceeding PKR 3,000,000/- Customer will be required to open a regular Current or Savings account.
8. Alfalah Debit Card and Cheque Book will be issued on Customer's request and charges will be recovered as per existing SOC.
9. No additional service charges shall be recovered from the Customer at the time of opening or closing of the Alfalah Asaan Account.
10. Customers can subscribe to other banking services such as SMS Alerts, E-statements and Internet Banking subject to a specific request and consent to the Terms and Conditions thereof. Charges shall apply as per existing SOC.
11. Free Statement of Account shall be sent as per SBP guidelines.

12. No cross-border (Outward) transactions will be allowed on these accounts. However, in case of card-based accounts having international acceptance, the Bank may allow international transactions subject to applicable limits.
13. These Terms and Conditions may be revised or modified by the Bank from time to time and shall be subject to the laws of Islamic Republic of Pakistan, including all notifications, directives, circulars and regulations of the State Bank of Pakistan. The revised or modified terms will be effective upon expiry of 30 days from the advance notice given to the Customer.
14. **Account Opening through Branch:** The Customer acknowledges by signing/impressing thumb impression on the Account Opening Form that he/she has read or has/have read out to him/her and understood and agrees to be bound by these Terms and Conditions.
15. **Account Opening through Rapid Portal / Digitally:** The Customer shall sign up for Alfalah Asaan Digital Account online through Alfalah RAPID portal/Alfa App. Customer shall fill out online account opening form and will share relevant details and documents. Customer shall agree to online product specific Terms and Conditions by checking on 'I Agree' checkbox, which will serve as an online binding confirmation to the Terms and Conditions.
16. Interpretation of these Terms and Conditions by the Bank shall be final and binding. However, in case of any dispute, matter will be referred to SBP and the decision of SBP will be final and binding.
17. These Terms and Conditions are in addition to and form an integral part of the regular Terms and Conditions of account opening and its maintenance.
18. On termination of a contract, either on the request of the customer or otherwise, related to the product service, the bank shall confirm / intimate within 2 working days to you executing the termination / closure of contract.

شرائط و ضوابط برائے الفلاح آسان اکاؤنٹ

درج ذیل شرائط و ضوابط الفلاح آسان اکاؤنٹ اور الفلاح آسان ڈیجیٹل اکاؤنٹ، ("آسان اکاؤنٹس") پر لاگو ہیں۔

1. صرف انفرادی افراد(پاکستانی شہری) ہی پاکستانی روپے میں آسان اکاؤنٹ سنگل یا مشترکہ کھول سکتے ہیں۔

2. ایک شناختی کارڈ ہولڈر صرف ایک آسان اکاؤنٹ کھول سکتا ہے۔

3. الفلاح آسان اکاؤنٹ میں کوئی ابتدائی ڈپازٹ اور کم از کم بیلنس کی ضرورت نہیں ہے۔

4. صارف کرنٹ اکاؤنٹ یا سیونگز اکاؤنٹ کھول سکتا ہے۔ الفلاح آسان کرنٹ اکاؤنٹ اور الفلاح آسان ڈیجیٹل کرنٹ اکاؤنٹ پر کسی قسم کا منافع نہیں دیا جائے گا۔

5. ۔ الفلاح آسان سیونگ اکاؤنٹ اور الفلاح آسان ڈیجیٹل سیونگ اکاؤنٹ پر منافع ماہانہ اوسط بیلنس پر نصف سالانہ ادا کیا جائے گا ۔
یہ شرائط اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قواعد و ضوابط کے مطابق تبدیل ہو سکتی ہیں جو سیونگ اکاؤنٹس پر لاگو ہیں۔

6. الفلاح آسان سیونگ اکاؤنٹ کی تمام اقسام پر موجودہ ریٹ شیٹ کے مطابق منافع ادا کیا جائے گا۔

7. الفلاح آسان اکاؤنٹ کی ٹرانزیکشن حد / ٹرن اوور ماہانہ 1,000,000 پاکستانی روپے ٹوٹل ڈیبٹ تک محدود ہےاور کریڈٹ بیلنس کی حد بھی 3,000,000 پاکستانی روپے (جس میں کسی بھی آسان اکاؤنٹ وریئنٹ سے بک کی گئی ٹرم ڈپازٹ بھی شامل ہے) تک محدود ہے۔ کسی بھی وقت، اس حد سے تجاوز کرنے والی کسی بھی چیک یا ٹرانزیکشن کو بینک منظور نہیں کرے گا۔ تاہم، درج ذیل ا استثناء دی جا سکتی ہیں:

(الف) الفلاح آسان اکاؤنٹ میں کسی بھی منافع/ ریٹرن/ ڈپازٹ کی ریورسل کی کریڈٹ انٹری، بشرطیکہ مجموعی کریڈٹ بیلنس کی حد 3,000,000 پاکستانی روپے سے تجاوز کر جائے یا ریگولیٹر کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ حدود کے مطابق ہو۔

(ب) بینک چارجز، ریورسلز، سرکاری ٹیکس یا لیویز اور کسی بھی قانون یا عدالت کے حکم کے تحت جاری کی گئی ہدایات 1,000,000 روپے کی ڈیبٹ حد کے تابع نہیں ہوں گی۔

(ج) ٹرانزیکشن کی حدود مخصوص درخواست پر کسی ایک مرتبہ کے لین دین کے لیے ختم کی جا سکتی ہیں، جیسے کہ جائیداد کی فروخت/ خریداری، بشرطیکہ صارف کی جانب سے مستند ذریعے سے درخواست دی گئی ہو۔

(د) الفلاح آسان اکاؤنٹ میں مقررہ کریڈٹ بیلنس حد سے زائد اندرونِ ملک وصول ہونے والی رقوم (ٹرانزیکشن) مناسب جانچ پڑتال اور رسک کے جائزے کے بعد جمع کی جا سکتی ہیں۔

اس حد سے تجاوز کرنے کے لیے کسٹمر کو الفلاح آسان اکاؤنٹ بند کرنے کے بعد ایک معمول کا کرنٹ یا سیونگز اکاؤنٹ کھولنا ضروری ہوگا۔

8. الفلاح ڈیبٹ کارڈ اور چیک بک صارف کی درخواست پر جاری کی جائے گی اور چارجز موجودہ ایس او سی کے مطابق وصول کیے جائیں گے۔

9. الفلاح آسان اکاؤنٹ کھولنے یا بند کرنے پر صارف سے کوئی اضافی سروس چارجز وصول نہیں کیے جائیں گے۔

10. کسٹمر دیگر بینکاری خدمات جیسے ایس ایم ایس الرٹس، ای-اسٹیٹمنٹس، اور انٹرنیٹ بینکنگ کو سبسکرائب کر سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ طریقہ کار کے مطابق درخواست دیں اور ان خدمات کی شرائط و ضوابط پر رضامندی ظاہر کریں۔ چارجز موجودہ ایس او سی کے مطابق لاگو ہوں گے۔

11. اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق مفت اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ بھیجے جائیں گے۔

12. اس اکاؤنٹ پر کراس بارڈر (آؤٹ ورڈ) ٹرانزیکشنز کی اجازت نہیں ہوگی۔ تاہم، اگر کارڈ بیسڈ اکاؤنٹس کے پاس بین الاقوامی قبولیت ہو، تو بینک بین الاقوامی ٹرانزیکشنز کی اجازت دے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ متعلقہ حدود کے مطابق ہوں۔

13. ان شرائط و ضوابط میں بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً نظرثانی یا ترمیم کی جا سکتی ہیں جو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کے تحت ہوں گی، جن میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تمام نوٹیفیکیشنز، ہدایات، سرکولرز اور ضوابط شامل ہیں۔ ترمیم شدہ یا نظرثانی شدہ شرائط صارف کو پیشگی نوٹس دینے کے 30 دن بعد موثر ہوں گی۔

14. **برانچ کے ذریعے اکاؤنٹ کھولنا:** صارف اکاؤنٹ اوپننگ فارم پر دستخط کرکے یا انگوٹھے کا نشان ثبت کرکے تسلیم کرتا ہے کہ اس نے یہ شرائط و ضوابط پڑھی ہیں یا ان کے لیے پڑھ کر سنائی گئی ہیں اور وہ انہیں سمجھتا ہے اور ان پر عمل کرنے پر راضی ہے۔

15. **ریڈ پورٹل / ڈیجیٹل کے ذریعے اکاؤنٹ کھولنا:** صارف الفلاح آسان ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے لیے الفلاح ریڈ پورٹل/الفا ایپ کے ذریعے آن لائن سائن اپ کرے گا۔ صارف آن لائن اکاؤنٹ اوپننگ فارم بھر کر متعلقہ تفصیلات اور دستاویزات پورٹل پر شیئر کرے گا صارف آن لائن پروڈکٹ کی مخصوص شرائط و ضوابط سے متفق ہوگااور 'I Agree' چیک باکس پر نشان لگا کر ان شرائط و ضوابط کو آن لائن بائنڈنگ تصدیق کے طور پر قبول کرے گا۔

16. بینک کی جانب سے ان شرائط و ضوابط کی تشریح حتمی اور لازمی ہوگی۔ تاہم، کسی بھی تنازعہ کی صورت میں معاملہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پاس بھیجا جائے گا اور اسٹیٹ بینک کا فیصلہ حتمی اور لازمی ہوگا۔

17. یہ شرائط و ضوابط معمول کے اکاؤنٹ کھولنے اور اس کی دیکھ بھال کے شرائط و ضوابط کے علاوہ ہیں اور ان کا لازمی حصہ تشکیل دیتی ہیں۔

18. کسی بھی معاہدے کے خاتمے کی صورت میں،خواہ یہ صارف کی درخواست پر ہو یا کسی اور وجہ سے، جو پروڈکٹ سروس سے متعلق ہو، بینک معاہدے کے خاتمے کی بندش پر عمل درآمد کے بعد دو (2) کاروباری دنوں کے اندر آپ کو تصدیق / اطلاع فراہم کرے گا۔